[Insert name of recipient and address here (optional)]

معزز والدین اور نگہدار حضرات

آپ کے بچے/آپ کی بچی کا ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement)

اسکول کی ایک مثبت شروعات کرنے میں آپ کے بچے/آپ کی بچی کی مدد کرنے کے لیے، ہم ان کے لیے ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) لکھ رہے ہیں۔ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ مندرجہ ذیل افراد کے مابین آپ کے بچے کی تعلیم اور فلاح و بہبود کے بارے میں معلومات شیئر کرنے کا ایک طریقہ ہے:

- آپ
- ہماری سروس
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کا مستقبل کا اسکول
- مستقبل میں آپ کے بچے/آپ کی بچی کی اسکول اوقات کے علاوہ دیکھ بھال (OSHC) والی سروس، اگر وہ ایسی کسی سروس میں جاتا/جاتی ہے۔

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں درج ذیل امور سے متعلق معلومات ہوں گی:

- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی دلچسپیاں، مہارتیں اور قابلیتیں
- بہترین طور پر سیکھنے کے لیے اپنے بچے/آپ کی بچی کی مدد کا طریقہ۔

ان معلومات کی مدد سے اسکول بہترین طور پر آپ کے بچے/آپ کی بچی کی مدد کر سکے گا۔

ہم آپ سے کیا چاہتے ہیں

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کے مختلف سیکشنز ہیں جنہیں آپ کے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد، آپ کے اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کے ذریعہ پُر کیا جاتا ہے۔ **براہ کرم سیکشن 3: خاندان، کو مکمل پُر کریں [اور اپنے بچے/بچی کی سیکشن 2:بچہ مکمل پُر کرنے میں مدد کریں] اور اسے مورخہ [insert date here] تک ہماری سروس کے پاس واپس جمع کروا دیں۔**

آپ کا تعاون نہایت ہی ضروری ہے، لیکن لازمی نہیں۔ اس سے آپ کے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی اسکول کے اساتذہ (اور ان کے OSHC کے اساتذہ، اگر وہ OSHC میں جاتے ہیں) آپ کے بچے/آپ کی بچی کو بہتر انداز میں سمجھ پائیں گے اور انہیں آپ کے بچے/آپ کی بچی کی تعلیم اور فلاح و بہبود کے لیے منصوبہ بنانے میں مدد ملے گی۔

اس کے بعد کیا ہوگا

آپ کے بچے/آپ کی بچی کا ابتدائی بچپن کا استاد ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کے تمام سیشکنز کو ایک ساتھ رکھے گا اور آپ کو اس کی ایک نقل دے گا۔ آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول کو ماہ نومبر میں اس کی ایک نقل ملے گی۔ اگر آپ خاندان اور بچے والے سیکشنز کو پُر نہیں کرتے ہیں تو، اس صورت میں بھی بقیہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کو آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول کے ساتھ اور اگر قابل اطلاق ہو تو، ان کی OSHC سروس کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ معلومات شیئر کرنے سے بچوں کو کامیابی کے ساتھ اسکول میں منتقل ہونے میں مدد ملتی ہے۔ تاہم، اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کو آپ کے بچے کے/آپ کی بچی اسکول کے ساتھ شیئر کیا جائے تو، براہ کرم اپنے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد سے مورخہ [insert date here] تک بات کریں۔

اپنے بچے/اپنی بچی کا اسکول میں داخلہ کروانا

اگر آپ نے ابھی تک اگلے سال کے لیے اپنے بچے/اپنی کا اسکول میں داخلہ نہیں کرایا ہے تو، میں آپ کو اسے جلد از جلد کروانے کی ترغیب دیتا ہوں۔ داخلہ کرانے کے نتیجے میں اسکول کو آپ کے بچے/آپ کی بچی کی انفرادی ضروریات کے لیے منصوبہ بندی میں مدد ملے گی۔ اس ویب سائٹ پر محکمہ تعلیم و تربیت کے پاس اسکول شروع کرنے کے بارے میں مفید معلومات موجود ہیں https://www.education.vic.gov.au/parents/going-to-school/Pages/choose-enrol-school.aspx۔

مزید معلومات

[please select relevant text based on whether you are providing this information electronically or by hard copy]

[Option 1 – direct parents to website – delete whichever option not used]

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کو پُر کرنے اور اسکول کی ایک مثبت شروعات کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم درج ذیل چیزیں ملاحظہ کریں:

- خاندانوں کے لیے معلوماتی پرچہ
- ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) کو پُر کرنے میں خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے رہنما اصول۔

یہ یہاں آن لائن موجود ہیں ۔www.education.vic.gov.au/transitiontoschool

[Option 2 – attach information to letter – delete whichever option not used]

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کو مکمل کرنے اور اسکول کی ایک مثبت شروعات کرنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم درج ذیل منسلکہ مواد ملاحظہ کریں:

- خاندانوں کے لیے معلوماتی پرچہ
- ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) کو پُر کرنے میں خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے رہنما اصول۔

اگر آپ اسکول میں اپنے بچے/اپنی بچی کی منتقلی کے بارے میں تبادلہ خیال کرنا چاہتے ہیں تو، براہ کرم [insert name of early childhood educator] سے بات کریں۔

آپ کا مخلص

[Name of early childhood educator]

[Day] [Month] [Year]